# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025

# END-OF-YEAR ASSESSMENT

## SUBJECT: ISLAMIAT

## GRADE-7

**FINAL TERM**

**[Part A: 48 Marks Part B: 52 Marks Total: 100 Marks], Time = 3 hours**

**School Name:** ____________________

**Student Name :** ____________ **Roll Number :** ____________ **Section :** ____________

## حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: "عَبۡدًا اِذَا صَلّٰی" آیت مبارکہ ہے:

(a) سورۃ التین کی (b) سورۃ القدر کی (c) سورۃ العلق کی (d) سورۃ البینۃ کی

سوال نمبر 2: "اِذَا حَدَّثَ کَذَبَ" اس حدیثِ مبارکہ سے ترغیب ملتی ہے:

(a) سچ بولنے کی (b) ایفائے عہد کی (c) قناعت کی (d) صبر کی

سوال نمبر 3: عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جنگوں کا مقصد تھا:

(a) مسلمانوں کی حکومت قائم کرنا (b) منکرین زکوٰۃ کا خاتمہ کرنا

(c) نبوت کے دعویداروں کا خاتمہ (d) اپنی طاقت کا مظاہرہ کرنا

سوال نمبر 4: حضرت میکائیل علیہ السلام کی ذمہ داری ہے:

(a) بارش برسانا (b) صور پھونکنا

(c) روح قبض کرنا (d) اعمال لکھنا

سوال نمبر 5: رمضان المبارک میں سحر و افطار کی پابندی انسان کو بناتی ہے:

(a) سادگی پسند (b) صدقہ کرنے والا

(c) قناعت پسند (d) ذکرواذکار کا پابند

سوال نمبر 6: نماز جنازہ میں شرکت فکر پیدا کرتی ہے:

(a) قناعت کی (b) مال و دولت کی (c) دنیاوی کامیابی کی (d) آخرت کی

سوال نمبر 7: بنو قینقاع محاصرہ ختم ہونے کے بعد روانہ ہو گئے:

(a) مدینہ کی طرف (b) شام کی طرف (c) مصر کی طرف (d) مکہ کی طرف

سوال نمبر 8: غزوۂ خندق کے موقع پر مسلمان مجاہدین کی تعداد تھی:

(a) ایک ہزار (b) دو ہزار (c) تین ہزار (d) چار ہزار

سوال نمبر 9: غزوہ بنو قریظہ سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ مسلمانوں کو ہمیشہ محتاط رہنا چاہیے:

(a) عیسائیوں سے (b) منافقوں سے (c) مجوسیوں سے (d) ہندوؤں سے

سوال نمبر 10: صلح حدیبیہ میں مسلمانوں کو مکہ میں داخل ہونے کی اجازت نہ دی گئی اور انہیں واپس مدینہ جانا پڑا۔ اس واقعہ سے سبق ملتا ہے:

(a) حقوق حاصل کرنے کا (b) صبر سے کام لینے کا

(c) اپنے فیصلوں پر اصرار کرنے کا (d) انتقام لینے کا

سوال نمبر 11: صفہ کی درسگاہ میں تعلیم دی جاتی تھی:

(a) عبرانی کی (b) مختلف زبانوں کی (c) عربی کی (d) فارسی کی

سوال نمبر 12: "کوئی مجھے سرخ رنگ کے سو اونٹ بھی دے تو میں قبول نہ کروں" ان الفاظ کا تعلق ہے:

(a) میثاق مدینہ سے (b) حلف الفضول سے

(c) صلح حدیبیہ سے (d) مواخات مدینہ سے

سوال نمبر 13: حضرت محمدؐ رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اپنی زندگی کا سب سے مشکل سفر قرار دیا:

(a) طائف کا (b) ہجرت کا (c) شام کا (d) یمن کا

سوال نمبر 14: حدیث مبارک کی رو سے اچھی بات کرنا کہلاتا ہے:

(a) سادگی (b) سخاوت (c) قناعت (d) صدقہ

سوال نمبر 15: قرآنی تعلیمات کے مطابق اپنی آواز نیچی رکھو کیونکہ سب سے بری آواز ہے:

(a) گائے کی (b) اونٹ کی (c) گدھے کی (d) ہرن کی

سوال نمبر 16: رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا کسی بھی سائل کو خالی ہاتھ نہ بھیجنا ان کی صفت کو ظاہر کرتا ہے:

(a) سخاوت (b) قناعت پسندی

(c) راست گوئی (d) بھائی چارہ

سوال نمبر 17: دوران تدریس حضرت محمد رسول اللہؐ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے طریقے کو اپناتے ہوئے ہمیں حوصلہ افزائی کرنی چاہیے:

(a) سوال کرنے والے کی (b) لکھنے والے کی (c) خاموش رہنے والے کی (d) پڑھنے والے کی

سوال نمبر 18: سادگی اختیار کرکے ہم اپنے اندر خوبی پیدا کر سکتے ہیں:

(a) صبر کی (b) شکر کی (c) قناعت کی (d) بردباری کی

سوال نمبر 19: وفد نجران کو مسجد نبوی میں ٹھہرانے کا مقصد لوگوں کو نصیحت کرنا تھا:

(a) عدل کی (b) سخاوت کی (c) عاجزی کی (d) مہمان نوازی کی

سوال نمبر 20: سب کام کسی نہ کسی ضابطے کے تحت ہوتے ہیں، اسی کا نام ہے:

(a) نظام (b) سبق (c) عمل (d) نصاب

سوال نمبر 21: اسلامی شریعت کی روشنی میں حلال روزی کمانا ہے:

(a) فرض (b) مستحب (c) نفل (d) مباح

سوال نمبر 22: سڑکیں، پارک، بجلی، گیس، سکول، ہسپتال وغیرہ املاک مثالیں ہیں:

(a) قومی (b) ذاتی (c) فلاحی (d) خاندانی

سوال نمبر23: حضرت حفصہ بنت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہا بعثتِ نبوی سے پہلے پیدا ہوئیں:
(a) 5 برس (b) 6 برس (c) 7 برس (d) 8 برس

سوال نمبر24: ام المساکین لقب ہے:
(a) حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (b) حضرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا
(c) حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (d) حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

سوال نمبر25: حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے حدیث میں لفظ استعمال ہوا ہے:
(a) مالک کا (b) سردار کا (c) وزیر کا (d) مشیر کا

سوال نمبر26: نبی کریم خاتم النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں دعا فرمائی:
(a) تجارت میں برکت کی (b) اچھی صحت کی
(c) حکمت و تفسیر کی (d) مال و دولت کی

سوال نمبر27: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی سے محبت کا سبق ملتا ہے:
(a) دنیا سے (b) اہل خانہ سے (c) قرآن مجید سے (d) جانوروں سے

سوال نمبر28: قران مجید میں نفس کا تزکیہ کرنے والے شخص کے لیے وعدہ کیا گیا ہے:
(a) علم و حکمت کا (b) مال و دولت کا (c) بادشاہت کا (d) کامیابی کا

سوال نمبر29: امام بخاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا اصل نام ہے:
(a) محمد بن یوسف (b) محمد بن ادریس (c) محمد بن اسماعیل (d) محمد بن احمد

سوال نمبر30: واپسی کا راستہ ختم کرنے کے لیے طارق بن زیاد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنے لشکر کو حکم دیا:
(a) ہتھیار پھینک دینے کا (b) جہاز جلانے کا
(c) سمندر میں اترنے کا (d) دشمن سے صلح کرنے کا

سوال نمبر31: پہلی وحی کی آیات سے اہمیت واضح ہوتی ہے:
(a) امن کی (b) علم کی (c) دیانت کی (d) تقویٰ کی

سوال نمبر32: اسلام کے مطابق آپس میں سلام کرنے والے ایک دوسرے کو دیتے ہیں:
(a) تحفہ (b) نفع (c) دولت (d) دعا

---

## حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر33

i) حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جس طرح عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ کیا، وہ ہمارے لیے کس طرح رہنمائی کا باعث ہے؟(4)

ii) عقیدہ ختم نبوت کے بارے میں ایک قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیں۔(4)

iii) خاتم النبیین کس پیغمبر کو کہا جاتا ہے؟(2)

سوال نمبر34

i) صلح حدیبیہ سے کیا مراد ہے؟(2)

ii) صلح حدیبیہ میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کردار کی اہمیت بیان کریں۔(5)

iii) صلح حدیبیہ سے آج کے حکمرانوں کو کیا سبق ملتا ہے؟(5)

سوال نمبر35

i) تعلیم اور تعلم کا معنی بیان کریں۔(2)

ii) علم کی اہمیت پر ایک قرآنی آیت اور ایک حدیثِ مبارک کا ترجمہ تحریر کریں-(4)

iii) اسلام میں علم کے حصول پر زور دینا موجودہ دور میں مسلمانوں کے لیے کس طرح رہنمائی کرتا ہے؟(4)

سوال نمبر36

i) حضرت حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کے والد، والدہ اور نانا کا نام لکھیں۔(3)

ii) حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کی سخاوت کا ایک واقعہ بیان کریں۔(3)

iii) حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟(4)

سوال نمبر37

i) امن عامہ سے کیا مراد ہے؟(3)

ii) اسلامی ریاست میں رہنے والے غیر مسلموں کے بارے میں نبی کریم خاتم النّبیّین صلّی اللہ علیہ وعلٰی آلہٖ واصحابہٖ وسلّم نے کیا ارشاد فرمایا؟(3)

iii) معاشرے میں قیام امن کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟(4)